**Ulasi Taroon Online Workshops,**

**Rounds: 13, 14 & 15**

**December, 2020 & January, 2021**




# Civil society organizes debate on democracy, governance

PESHAWAR: Ulasi Taroon, a local civil society organization has facilitated debate on democracy, governance, interfaith harmony and rule of law in the country.

The organization has so far organized fifteen rounds over the subject with around 70 youth leaders from various public and private sector universities of Khyber Pakhtunkhwa. Dr. Qibla Ayaz, Chairman, Council of Islamic Ideology (CII) and academician said that in the realm of post globalized era, inter and intra-faith harmony becomes a precondition for peaceful coexistence of the citizens. All modern societies across the world are practicing the virtues of acceptance for maintenance of social peace and harmony. Mirvais Niaz, Director of Administration, Federal Investigation Agency (FIA) said that Pakistan has performed well in the battle against COVID-19, than many countries dealing with the pandemic. He especially appreciated the role of National Command and Operations Centre (NCOC) in this regard. Amna Sardar, a former member KP Assembly, said that political awareness helps public participation in the democratic processes that ultimately strengthens democracy.—APP

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

پشاور

پاکستان

## پشاور کی خب

# سی آر ایس ایس کے زیراہتمام ورکشاپس کا سلسلہ جاری

### ڈاکٹر قبلہ ایاز، میرویس نیاز، آمنہ سردار کا خطاب، مختلف موضوعات کا احاطہ

پشاور (خبرنگار) سی آر ایس ایس نے کورونا کے دوران طلباء وطالبات کیساتھ آن لائن ورکشاپ کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔ آخری ورکشاپس میں جمہوریت اور حکمرانی، بین المذاہب ہم آہنگی اور قانون کی حکمرانی کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا۔ ایک ماہ کے (باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 9)

### بقیہ نمبر 9 ورکشاپ انعقاد

دوران تین الگ الگ ورکشاپس سے پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، ڈائریکٹر ایف آئی میرویس نیاز اور سابقہ ایم پی اے آمنہ سردار نے خطاب کیا۔ قبلہ ایاز نے اپنے خطاب میں کہا کہ گلوبلائزیشن کے بعد کے دور میں دنیا بھر میں بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی پر امن بقائے باہمی کے لئے ناگزیر ہے۔ کیونکہ جدید دور میں ایک ساتھ رہتے ہوئے ایک دوسرے کی قبولیت کے بغیر امن اور ترقی ناممکن ہے۔ دنیا بھر میں امن اور معاشی و معاشرتی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے ایک دوسرے کا احترام اور برداشت بنیادی عنصر ہے۔ پاکستان بناتے وقت قائداعظم کا نظریہ بھی ایک ایسے مملکت کا حصول تھا جہاں مختلف سیاسی سماجی اور معاشرتی پس منظر رکھنے والے والے لوگ مساوی احترام اور سلوک کیساتھ رہ سکیں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ایف آئی اے میر ویس نیاز نے کہا کہ کرونا وباء کے دوران پاکستان نے کئی ایک ممالک کی نسبت بحران سے نمٹنے میں بہتر کارکردگی دکھائی ہے۔ این سی او سی کیساتھ ساتھ خاص کر محکمہ صحت اور سیکورٹی اداروں نے کامیابی کیساتھ حالات کا مقابلہ کیا۔ اگرچہ اس وباء نے مختلف اداروں کو ایک جیسے متاثر کیا مگر محکمہ پولیس حکومتی ہدایات اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے لئے براہ راست عوام سے رابطے کا پابند تھا۔ جس نے بعض کمزوریوں کے باوجود اپنے فرائض بہتر انداز میں ادا کئے۔ سابقہ ممبر پختونخوا اسمبلی آمنہ سردار نے کہا۔ کہ عوام کی سیاسی بیداری جمہوری عمل کی ترقی اور حکمرانی کو بہتر بنانے کے لئے ناگزیر ہے وسائل کی متوازن تقسیم، بہتر طرز حکمرانی اور بلا امتیاز احتساب کا نظام ملکی ترقی کے لئے ضروری ہے اور اس میں کامیابی کے لئے معاشرے کی نصف آبادی یعنی خواتین کو بھی آگے آکر کردار ادا کرنا ہوگا۔

The Frontier News
ABC Certified Member CPNE / AKPNS
PESHAWAR
Vol. XII No 285 | Rs.10.00 | E-mail: frontierkpnews@gmail.com | www.dailyfrontiernews.com | Thursday January 14, 2021

# Interfaith harmony must for peace: Qibla Ayaz

FRONTIER NEWS REPORT

PESHAWAR: CRSS has continued to conduct online workshops with students during Coronavirus crisis. The last workshops discussed democracy and governance, interfaith harmony and the rule of law. During one month, three separate workshops were addressed by Prof. Dr. Qibla Ayaz, Director FI Mirwais Niaz and former MPA Amna Sardar.

In his address, Qibla Ayaz said that in the post-globalization era, inter-religious and inter-religious harmony is essential for peace and coexistence in the world. Respect and tolerance are key to ensuring peace and economic and social development around the world. Quaid-e-Azam's vision for the formation of Pakistan was to achieve a state where people of different political, social and social backgrounds could live with equal respect and treatment. "There is no better place than educational institutions to create peace activists," he said. Therefore, educational institutions need to play their full role for this purpose. He urged the people to respect the rights of minorities and their places of worship.

Director Administration FIA Mirwais Niaz said that Pakistan has performed better in dealing with the crisis than many other countries during the Corona epidemic.

# سی آر ایس ایس : ورکشاپ سے ڈاکٹر قبلہ ایاز اور آمنہ سردار کا خطاب

13 جنوری 2021 | 1:51 شام | 12



سی آر ایس ایس نے کرونا کے دوران طلباء و طالبات کیساتھ آن لائن ورکشاپ کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔ آخری ورکشاپس میں جمہوریت اور حکمرانی، بین المذاہب ہم آہنگی اور قانون کی حکمرانی کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا۔

ایک ماہ کے دوران تین الگ الگ ورکشاپس سے پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، ڈائریکٹر ایف آئی میر ویس نیاز اور سابقہ ایم پی اے آمنہ سردار نے خطاب کیا۔

قبلہ ایاز نے اپنے خطاب میں کہا کہ گلوبلائزیشن کے بعد کے دور میں دنیا بھر میں بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی پر امن بقائے باہمی کے لئے ناگزیر ہے۔ کیونکہ جدید دور میں ایک ساتھ رہتے ہوئے ایک دوسرے کی قبولیت کے بغیر امن اور ترقی ناممکن ہے۔

دنیا بھر میں امن اور معاشی و معاشرتی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے ایک دوسرے کا احترام اور برداشت بنیادی عنصر ہے۔

پاکستان بناتے وقت قائد اعظم کا نظریہ بھی ایک ایسے مملکت کا حصول تھا جہاں مختلف سیاسی سماجی اور معاشرتی پس منظر رکھنے والے لوگ مساوی احترام اور سلوک کیساتھ رہ سکے۔

انھوں نے کہا کہ امن کے داعیوں کو پیدا کرنے کے لئے تعلیمی اداروں سے بہتر کوئی جگہ نہیں۔ اس لئے اس مقصد کے لئے تعلیمی اداروں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

انھوں نے عوام پر زور دیا کہ اقلیتوں کے حقوق اور ان کی عبادت گاہوں کا احترام و حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس سے روگردانی دنیا بھر میں پاکستان کی بدنامی کا باعث بن رہی ہے۔

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ایف آئی اے میر ویس نیاز نے کہا کہ کرونا وباء کے دوران پاکستان نے کئی ایک ممالک کی نسبت بحران سے نمٹنے میں بہتر کارکردگی دکھائی ہے۔

این سی او سی کیساتھ ساتھ خاص کر محکمہ صحت اور سیکورٹی اداروں نے کامیابی کیساتھ حالات کا مقابلہ کیا۔ اگرچہ اس وباء نے مختلف اداروں کو ایک جیسے متاثر کیا مگر محکمہ پولیس حکومتی ہدایات اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے لئے براہ راست عوام سے رابطے کا پابند تھا۔

جس نے بعض کمزوریوں کے باوجود اپنے فرائض بہتر انداز میں ادا کئے۔ انھوں نے کرونا وباء کے دوران نجی شعبے کے کردار اور عوامی تعاون کی تعریف کی اور کہا کہ ایس او پیز پر عملدرآمد اور وباء کا مقابلہ عوامی تعاون کے بغیر ممکن ہی نہ تھا۔

کیونکہ ذمہ دار شہریوں کے بغیر ملکی مشکلات پر قابو پانا ناممکن ہوتا ہے۔ پاکستانیوں نے ثابت کیا کہ وہ کسی بھی قومی بحران میں اتفاق و اتحاد کیساتھ ساتھ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دے سکتے ہیں۔
سابقہ ممبر پختونخوا اسمبلی آمنہ سردار نے کہا۔ کہ عوام کی سیاسی بیداری جمہوری عمل کی ترقی اور حکمرانی کو بہتر بنانے کے لئے ناگزیر ہے۔

انھوں نے کہا کہ وسائل کی متوازن تقسیم، بہتر طرز حکمرانی اور بلاامتیاز احتساب کا نظام ملکی ترقی کے لئے ضروری ہے اور اس میں کامیابی کے لئے معاشرے کی نصف آبادی یعنی خواتین کو بھی آگے آکر کردار ادا کرنا ہوگا۔

آمنہ سردار نے کہا کہ ملک میں حکمرانی کو متاثر کرنے والا ایک اہم عنصر ریاستی اداروں کے مابین تعلقات ہیں لہذا ان میں آئینی حدود کے اندر رہتے ہوئے باہمی تعلق اور ہم آہنگی کا رشتہ بہت ضروری ہے۔

انھوں نے کہا کہ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم عدم مساوات اور غربت معاشرے کی تقسیم اور نااتفاقی کا سبب بن رہا ہے۔

لہذا جمہوری حکمرانوں کو اس کے سدباب پر غور کرنا چاہیے۔ اولسی تڑون کے یہ تینوں آن لائن ورکشاپس کرونا وباء کیوجہ سے اجتماع پر پابندیوں کیوجہ سے منعقد کئے گئے۔ جس میں بیس سے زیادہ یونیورسٹیوں کے تقریباً ستر طلباء و طالبات نے شرکت کی۔

SearchTP

Tribal Press
Like Page | Send Message

تازہ ترین

کرک مندر کا واقعہ : 18 پولیس اہلکار نوکری سے برخاست
پاک بحریہ کے تین کموڈورز کی ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی
پولیو فری پاکستان
تعلیمی ادارے کھولنے کے حوالے سے اہم اجلاس آج ہوگا
پشاور : پی ایس ایل میچز کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں
خیبر پختونخوا : تمام جامعات میں نئے ملازمین کی پنشن ختم کرنے کا فیصلہ
پشاور : پی ایس ایل میچز کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں
خیبر پختونخوا : تمام جامعات میں نئے ملازمین کی پنشن ختم کرنے کا فیصلہ
پولیو فری پاکستان
تعلیمی ادارے کھولنے کے حوالے سے اہم اجلاس آج ہوگا
پشاور : پی ایس ایل میچز کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں
خیبر پختونخوا : تمام جامعات میں نئے ملازمین کی پنشن ختم کرنے کا فیصلہ